Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | منگل، 6 اگست 2024ء، 30 محرم الحرام 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 130

جلد کھیلوں کے میدان میں کھویا ہوا مقام حاصل کریں گے، شہباز شریف کا تقریب سے خطاب

میرٹ کے بغیر کسی بھی شعبے میں ترقی ممکن نہیں، وزیراعظم

سرف ٹیلنٹ کو آگے لایا جائے، میرٹ بیگانے کے خلاف میری بھی سفارش نہ مانی جائے، کرکٹ سٹیڈیمز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت، امید ہے محسن نقوی قذافی سٹیڈیم تکمیل ڈیڈلائن کو جولائی تک پہنچائیں گے، شہباز شریف

وزیراعظم شہباز شریف کا قذافی سٹیڈیم کا دورہ

لاہور (انٹرنیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کرکٹ ٹیم میں ٹیرٹ گنگھی مانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صرف ٹیلنٹ کو آگے لایا جائے، میرٹ بیگانے میری بھی سفارش نہ مانی جائے، کرکٹ سٹیڈیمز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے، امید ہے محسن نقوی قذافی سٹیڈیم تکمیل ڈیڈلائن کو جولائی تک پہنچائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق قذافی سٹیڈیم کی آپ (بقیہ نمبر 30)

5 اگست کے بعد مقبوضہ کشمیر کھلی جیل کا منظر پیش کر رہا ہے، عظمیٰ بخاری

5 اگست کو بھارت نے مقبوضہ کشمیر کا آئینی حلیہ بگاڑ کر قبضہ کرنے کی کوشش کی

مقبوضہ کشمیر میں شہیدوں کا خون، بہنوں کی عصمت دری، کبھی نہیں بھولیں گے

لاہور (این این آئی) سموباق وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ 5 اگست کے بعد مقبوضہ کشمیر کھلی جیل کا منظر پیش کر رہا ہے، اس روز بھارت نے مقبوضہ کشمیر کا آئینی حلیہ بگاڑ کر قبضہ کرنے کی کوشش کی، مقبوضہ کشمیر میں شہیدوں کا خون، بہنوں کی عصمت (بقیہ نمبر 31)

یوم استحقاق کشمیر کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

جہاں صدر، وزیراعظم، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ پاکستان کے پیغامات پڑھ کر سنائے گئے

بیجنگ (این این آئی) بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانے نے یوم استحقاق کشمیر کے حوالے سے ایک تقریب کا انعقاد کیا، جہاں صدر، وزیراعظم، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ پاکستان کے پیغامات پڑھ کر سنائے گئے جن (بقیہ نمبر 34)

5 اگست ایکٹ کسی طور پر قابل قبول نہیں، وزیر دفاع

کشمیر کی آزادی کیلئے پاکستان فرنٹ لائن پر کھڑا ہے، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے دفاع و دفاعی پیداوار اور ہوابازی خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ 5 اگست کا ایکٹ کسی طور پر قابل قبول نہیں ہے نہ ہوگا، کشمیر کی آزادی کیلئے پاکستان فرنٹ لائن پر کھڑا ہے۔ متعوضہ (بقیہ نمبر 33)

کشمیری عوام کی امنگوں کیخلاف کوئی فیصلہ قابل قبول نہیں

پاکستان نے ہر فورم پر مسئلہ کشمیر کو بھرپور انداز میں اٹھایا ہے، نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ کشمیری عوام کی امنگوں کے خلاف کوئی فیصلہ قابل قبول نہیں ہے، پاکستان نے ہر فورم پر مسئلہ کشمیر کو بھرپور انداز میں اٹھایا ہے، بھارت (بقیہ نمبر 32)

مسئلہ کشمیر کے پرامن حل سے ہی جنوبی ایشیا میں امن و استحکام اور ترقی و خوشحالی ممکن ہے، مریم نواز

امن کیلئے ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

مسئلہ کشمیر کا حل خطے میں

بھارت نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ کشمیر میں جبر کی نئی مثال قائم کی، دنیا کب تک آنکھیں بند کر کے بیٹھے گی؟ 'وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ بھارت نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ جموں و کشمیر کو مکمل جیل میں بدل کر جبر و استبداد کی نئی مثال قائم کی۔ یوم استحقاق کشمیر موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ مقبوضہ کشمیر کے ہر شہید، ہر مظلوم اور صحیر، مقبوضہ کشمیر کی ماں، بہنوں، بیٹیوں اور بیٹوں کو سپرام سلام۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ جموں و کشمیر کو مکمل جیل میں بدل کر جبر و استبداد کی نئی مثال قائم کی، دنیا کب تک آنکھیں بند کر کے بیٹھے گی؟ کب تک کشمیری جبر و بربریت کا شکار ہوتے رہیں گے؟۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت کے غیر قانونی اور غاصبانہ قبضہ کے خلاف کشمیر یوں کی لازوال قربانیاں رنگ لائیں (بقیہ نمبر 4)

لبنان میں مقیم یمنیوں کو انتہائی احتیاط برتنے کی ہدایت

پاکستانیوں کو انتہائی احتیاط برتنے کی ہدایت

بیروت (این این آئی) حماس لیڈر اسماعیل ہنیہ کی شہادت اور مشرق وسطیٰ کی بدلتی صورت حال پر لبنان کے شہر بیروت میں پاکستانی سفارت خانے نے پاکستانیوں کے لیے (بقیہ نمبر 36)

پارلیمنٹ لاجز کے پورچ میں گاڑیاں کھڑی نہ کرنے کی ہدایت

گاڑیاں ہٹانے کیلئے مستقل فوک لفٹر وہاں موجود رہے گا، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پارلیمنٹ لاجز کے پورچ میں گاڑیاں ہٹانے کیلئے مستقل فوک لفٹر وہاں موجود رہے گا۔ پیر کو قومی اسمبلی میں ایم (بقیہ نمبر 35)

وزیراعظم سے درخواست ہے ایف آئی اے سائبر ونگ بند کر دیں، عظمیٰ بخاری

میں زندگی کی آخری سانس تک اپنا کیس لڑوں گی، انصاف کے تمام دروازے کھٹکھٹاؤں گی، وزیر اطلاعات

جب سے فتنہ پارٹی وجود میں آئی، سوشل میڈیا کا گند وہاں سے شروع ہوا، ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو

لاہور (محمد فیصل ندیم سے) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ایف آئی اے سائبر ونگ کے پاس اپنا شیشے کی کوئی مہارت نہیں لہذا وزیراعظم سے گزارش ہے اسے بند کروائیں۔ لاہور ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ چیف جسٹس صاحب معافے کو کہتی ہیں، میرے خیال میں چیف جسٹس صاحب معافے کی تہہ تک پہنچنا چاہتی ہیں۔ وزیر اطلاعات (بقیہ نمبر 37)

ایف بی آر کی ڈیجیٹلائزیشن کیلئے 10 رکنی ٹاسک فورس قائم

وزیراعظم کی جانب سے قائم کردہ اس ٹاسک فورس میں نجی شعبہ سے بھی صنعتکاروں کو شامل کیا گیا ہے

وزیراعظم کی جانب سے نجی شعبہ کے صنعتکاروں پر کچھ لوگوں کی طرف سے اعتراض بھی کیا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (پی آئی) وزیراعظم نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ڈیجیٹلائزیشن کیلئے دس رکنی ٹاسک فورس قائم کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم کی جانب سے قائم کردہ اس ٹاسک فورس میں نجی شعبہ سے بھی صنعتکاروں کو شامل کیا گیا ہے تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ (بقیہ نمبر 7)

سیالکوٹ، ڈیرے کی چھت گرنے سے 3 افراد جاں بحق

جھینوں کے باڑے کی چھت بالوں سے بنی ہوئی تھی، ریسکیو ذرائع

سیالکوٹ (اے ایف پی) تھانہ صدر کے علاقہ چنا گاؤں میں ڈیرے کی چھت گرنے سے تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ابتدائی اطلاع کے مطابق (بقیہ نمبر 48)

صدر مملکت آصف علی زرداری سے گورنر پنجاب سلیم حیدر خان ایوان صدر میں ملاقات کر رہے ہیں

EXIM بینک کو ضروری SOE کے طور پر درجہ بندی کیا جائے

وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات محمد اورنگزیب کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے ریاستی ملکیتی کاروباری اداروں (CCoSOEs) کا اجلاس

کابینہ کمیٹی برائے SOEs نے جنیٹل سیکیورٹی پرنٹنگ کمپنی کے پاکستان سیکیورٹی پرنٹنگ کارپوریشن کے ساتھ دوبارہ انضمام کی منظوری دے دی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے آج چیئرمین ڈویژن میں کابینہ کمیٹی برائے ریاستی ملکیتی کاروباری اداروں (CCoSOEs) کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین پیرزادہ، وزیر برائے بحری امور اور جناب قیصر احمد شیخ، وزیر برائے اقتصادی امور عبدالعلیم خان، چیئرمین ایس ای سی پی اور متعلقہ وزارتوں کے دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ کمیٹی نے جنیٹل سیکیورٹی پرنٹنگ کمپنی کے پاکستان سیکیورٹی پرنٹنگ کارپوریشن کے ساتھ دوبارہ انضمام کی منظوری دے دی (بقیہ نمبر 42)

وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات محمد اورنگزیب 5 اگست 2024 کو اسلام آباد میں کابینہ کمیٹی برائے ریاستی ملکیتی کاروباری اداروں (ccosoes) کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور، معصوم بچیوں سے نازیبا حرکات کرنے والا سفاک ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) معصوم بچیوں سے نازیبا حرکات کرنے والے سفاک ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایس ایچ او کوٹ لکھپت عمران شیخ نے 15 کال پر بروقت کارروائی کر کے 2 بچیوں سے نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کو پوستان کالونی سے گرفتار کیا۔ 9 سالہ عاطمہ اور 10 سالہ نورعاطمہ حال سے کلیاں خریدنے (بقیہ نمبر 50)

طلباء کا احتجاج رنگ لے آیا، حسینہ واجد مستعفی، بھارت پہنچ گئیں

بنگلہ دیشی وزیراعظم کے استعفیٰ کے بعد ہزاروں لوگ سڑکوں پر نکل آئے، جشن منایا

ڈھاکہ (انٹرنیوز) طلباء کی ملک گیر مہلک ہڑتالی تحریک کے نتیجے میں بنگلہ دیشی وزیراعظم حسینہ واجد مستعفی ہو کر بھارت پہنچ گئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بنگلہ دیشی وزیراعظم حسینہ (بقیہ نمبر 49)

10 شہداء کے پولیس کی فیملیز کو گھر تعمیر کرنے کیلئے پلاٹ کے کاغذات دیئے

سرگودھا (این این آئی) محکمہ پولیس نے 10 شہداء پولیس کی فیملیز کو گھر تعمیر کرنے کیلئے پلاٹ کے کاغذات اور سکوٹر میں پوزیشن حاصل کرنے والے 6 بچوں کو دس دس ہزار روپے کیش انعامات دیئے گئے۔ جن کے لئے منعقدہ تقریب میں میجر جنرل اسد الرحمٰن چیمہ نے کہا کہ زندہ قومیں ہم سب (بقیہ نمبر 38)

ڈپٹی ہیکٹر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ کی قوام متحدہ کے ریزیڈنٹ اینڈ ہیومینیٹیرین کوآرڈینیٹر فلسطین سے متعلق قومی اسمبلی کی قرارداد پیش کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

فلسطین سے متعلق متفقہ طور پر منظور کردہ قومی اسمبلی کی قرارداد پیش کی

ڈپٹی ہیکٹر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ کی قوام متحدہ کے ریزیڈنٹ اینڈ ہیومینیٹیرین کوآرڈینیٹر پاکستان کے دفتر میں ملاقات کی

پاکستان کی قومی اسمبلی نے 2 اگست 2024ء کو جمعہ خود میں ہونے والے ظلم و بربریت اور اسماعیل ہنیہ کی شہادت کے خلاف مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کی ہے

فلسطینیوں پر اسرائیل کے مظالم میں اضافہ ہوا ہے، جس سے اب تک 40,000 سے زائد معصوم جانیں ضائع ہو چکی ہیں

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) ڈپٹی ہیکٹر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے پارلیمانی رہنماؤں کے ایک وفد کی قیادت میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ اینڈ ہیومینیٹیرین کوآرڈینیٹر پاکستان کے دفتر میں ملاقات کی اور فلسطین سے متعلق متفقہ طور پر منظور کردہ قومی اسمبلی کی قرارداد پیش کی۔ پارلیمانی وفد میں وفاقی وزیر انسانی حقوق ہمزہ تارڑ، ایم این ایز ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، مولانا عبدالغفور حیدری، سید امین الحق، اعظم خٹک خان، خالد حسین مگسی، رانا قاسم نون اور ڈاکٹر نفیسہ شاہ، شازیہ مری شامل تھے۔ واضح رہے کہ پاکستان کی قومی اسمبلی نے 2 اگست 2024 بروز جمعہ خود میں ہونے والے ظلم و بربریت اور اسماعیل ہنیہ کی شہادت کے خلاف (بقیہ نمبر 39)

یو این کے ڈپٹی ایکسکیوٹیو سید غلام مصطفیٰ شاہ پارلیمانی وفد کی قیادت کر رہے ہیں جو اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ اینڈ ہیومینیٹیرین کوآرڈینیٹر فلسطین سے متعلق قومی اسمبلی کی قرارداد پیش کر رہے ہیں

تمناز مصطفیٰ کے اچانک انتقال پر اظہار تعزیت

ایم این اے تمناز مصطفیٰ کی سیاسی و سماجی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا

دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی روح کو جوار رحمت میں جگہ دے، تعزیتی پیغامات

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) معزز ہیکٹر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے رحیم یار خان این اے 171 سے رکن قومی اسمبلی ایڈووکیٹ ممتاز مصطفیٰ کے ناگہانی انتقال پر غمزدہ ہے۔ سوگوار خاندان کے (بقیہ نمبر 3)

پاکستانی عوام کا دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتا ہے

مقبوضہ کشمیر کے ہر مظلوم اور محصور کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی، سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) سموباق وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے یوم استحصال کشمیر پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ بھارت نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ جموں و کشمیر کو مکمل جیل میں بدل کر جبر و استبداد کی بدترین مثال قائم کی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، کھڑے پانی میں ڈوب کر 2 بچے جاں بحق

دو بچوں کے ڈوبنے کا افسوسناک واقعہ راولپنڈی کے تھانہ رواٹ کی حدود میں پیش آیا

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی کی ہاؤسنگ اسکیم میں کھڑے پانی میں ڈوب کر 2 بچے جاں بحق ہو گئے۔ دو بچوں کے ڈوبنے کا افسوسناک واقعہ (بقیہ نمبر 5)

آصف بھٹو زرداری قومی اسمبلی اجلاس میں شریک ہیں

پاکستان مظلوم کشمیریوں کے ساتھ ہے، ثمن رائے

یوم استحصال کشمیر: محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کے تمام دفاتر میں عوام کا بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم عوام سے یکجہتی کا اظہار

اس دن کے منانے کا مقصد اقوام عالم کو بھارتی ظلم و ستم کا شکار کشمیریوں کی حالت زار سے آگاہ کرنا ہے

یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے محکمہ بہبود آبادی کے تمام دفاتر میں بھی ریلیاں بھی نکالی گئیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) بھارتی مقبوضہ ریاست جموں و کشمیر میں قابض بھارتی مسلح افواج کے مسلسل محاصرہ اور مظلوم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے آج پاپولیشن ویلفیئر بلاپ کے ہیڈ کوارٹر سمیت صوبہ بھر کے تمام بہبود آبادی کے دفاتر میں تقریبات کا انعقاد بھرپور انداز میں منایا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کو یہ پیغام دیا گیا کہ پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ قومی (بقیہ نمبر 40)

محکمہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ریلی نکالی جا رہی ہے

مہنگائی سے تنگ عوام علاج معالجے سے محروم ہونے لگے

رائے ونڈ (این این آئی) انسولین پمپس سمیت جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے مریضوں کی مشکلات مزید بڑھ گئی ہیں، مہنگائی سے تنگ عوام علاج معالجے سے محروم ہونے لگے۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 53)

ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ 22 ستمبر کو ہوگا، فیس میں 33 فیصد اضافہ

پی ایم سی کی 1 ارب 60 کروڑ سے زائد جرمانہ کی مد میں وصول کر لیا

اسلام آباد (انٹرنیوز) ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ ملک بھر سمیت سعودی عرب، یو اے ای میں 22 ستمبر کو ہوگا، پی ایم ڈی سی نے داخلہ فیس میں 33 فیصد اضافہ کر دیا ہے۔ (بقیہ نمبر 6)

نیوٹیک نے مائی کراچی ایکسپو میں اپنی یونیورسٹی کے جدید منصوبوں کی نمائش کی، جس کا مقصد کراچی کی صنعتی برآمدات کو بڑھانا ہے

تعلیمی شعبے اور صنعتی شعبے کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ہے

یونیورسٹی کے جدید منصوبوں اور ٹیکنالوجیز نے کراچی کے ممتاز صنعت کاروں، سفارت کاروں، پیشہ ور افراد اور شہریوں کی ایک وسیع تعداد نے گہری دلچسپی لی

ایکسپو میں نیوٹیک کی شرکت نے جدت، تعاون، اور پائیدار ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے اس کے عزم کو اجاگر کیا

تین روزہ نمائش کے دوران یونیورسٹی کا اسٹال ایک فوکل پوائنٹ کے طور پر ابھرا، جس نے متعدد معززین کو اپنی طرف متوجہ کیا

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی نے کراچی ایکسپو سینٹر میں 2 سے 4 اگست 2024 تک منعقد ہونے والی 19 ویں مائی کراچی ایکسپو میں ایک مؤثر شرکت قائم کیا۔ یونیورسٹی کے جدید منصوبوں اور ٹیکنالوجیز نے کراچی کے ممتاز صنعت کاروں، سفارت کاروں، پیشہ ور افراد اور شہریوں کی ایک وسیع تعداد نے گہری دلچسپی لی۔ ایکسپو میں نیوٹیک کی شرکت نے جدت، تعاون، اور پائیدار ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے اس (بقیہ نمبر 51)

نیوٹیک کے پروجیکٹر، میجر جنرل (ر) خالد جاوید، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ، بشریٰ کی مقدمات تفصیلات فراہمی

گرفتاری سے روکنے کی درخواستیں، ڈی آئی جی آپریشنز 7 اگست کو طلب

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بشریٰ بی بی کی مقدمات تفصیلات فراہمی گرفتاری سے روکنے کی درخواستوں پر ڈی آئی جی آپریشنز کو 7 اگست کو طلب کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیف جسٹس عامر فاروق نے بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی مقدمات کی تفصیلات فراہمی اور گرفتاری سے روکنے کی درخواستوں پر (بقیہ نمبر 52)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مقبوضہ کشمیر کو ہڑپ کرنے کے بھارتی ہتھکنڈے

بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں نئی صنعتی اراضی الاٹمنٹ پالیسی کے تحت بھارتی سرمایہ کاروں کو ترجیحی بنیادوں پر جموں وکشمیر میں زمین الاٹ کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ اس پالیسی کے تحت 4000 کروڑ روپے کی کم سے کم سرمایہ کاری والے سرمایہ کاروں کو بھی زمین ملے گی۔ نئی صنعتی اراضی الاٹمنٹ پالیسی نے مقامی سرمایہ کاروں اور تاجروں کو پریشانی میں ڈال دیا ہے کیونکہ اب وہ مقامی سطح پر صنعتیں لگانے کی دوڑ سے باہر ہو جائیں گے جبکہ بھارتی سرمایہ کاران کی جگہ لے لیں گے۔ دوسری جانب، بھارتی حکومت نے آزاد کشمیر میں مقیم مقبوضہ کشمیر کے حریت پسند سمیت دو کشمیریوں کی جائیداد قرق کر لی ہے۔ کشمیر کی عسکری تنظیم دی لبریٹرز فرنٹ (ٹی ایل ایف) نے کہا ہے کہ مودی حکومت کے 5 اگست 2019ء کے غیر قانونی اقدامات سے مقبوضہ جموں وکشمیر کی متنازعہ حیثیت تبدیل ہوگی نہ ہی کشمیریوں کی جدوجہد آزادی پر کوئی فرق پڑے گا۔ پانچویں 'یوم استحصال' کے موقع پر سیکرٹری خارجہ سائرس سجاد قاضی نے غیر ملکی سفارتکاروں کو بریفنگ دیتے ہوئے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے 5 اگست 2019ء کو بھارتی اقدامات پر عالمی قانون و انسانی حقوق سے آگاہ کیا گیا۔ 5 اگست 2019ء والے غیر قانونی اقدام پر اپنی گرفت مضبوط کرنے کے لیے بھارت مقبوضہ کشمیر میں اس وقت جو کچھ کر رہا ہے، وہ کشمیری عوام کے بدترین استحصال کے زمرے میں آتا ہے جس میں انسانی حقوق کی پامالی، کشمیریوں کی نسل کشی اور ان کی جائیداد کی قرقی کے غیر قانونی اقدامات پوری دنیا پر عیاں ہو چکے ہیں۔ بھارت کشمیریوں کی جدوجہد کو سبوتاژ کرنے کے لیے ہر ہتھکنڈا آزما رہا ہے مگر مودی سرکار کی تمام تر کوششوں کے باوجود نہ مقبوضہ کشمیر کی غیر قانونی حیثیت عالمی سطح پر تسلیم کی جا رہی ہے اور نہ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی پر کوئی فرق پڑ رہا ہے۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ پاکستان میں ہونے والی ہر دہشت گردی میں بھارت اور اس کے مربی افغانستان کا ہی ہاتھ ہے جس کے ٹھوس ثبوت موجود ہیں جو ڈوزیئر کی صورت میں پاکستان اقوام متحدہ سمیت عالمی اداروں کو فراہم کر چکا ہے، اس کے باوجود کسی عالمی طاقت کی طرف سے بھارت کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جا رہی۔ یہی وجہ ہے کہ بھارت کے حوصلہ بلند سے بلندتر ہوتے جا رہے ہیں اور وہ مقبوضہ کشمیر کو ہڑپ کرنے کے لیے ہر ہتھکنڈا بروئے کار لا رہا ہے۔

چنگیر اور چھیکو خوبصورت ثقافت

تحریر بسم اللہ ارم

ساگ مکھن اور روٹی وہ بھی نہایت خوبصورتی سے چھابی میں چنگیر میں جب مہمانوں کے آگے رکھی جاتی تو دل باغ باغ ہو جاتا اس خوبصورت ثقافت کی اپنی ہی پہچان تھی چھابی چنگیر چھیکو جھمنی اسکو کھجور کے پتوں سے بنانے کا ابتدا میں رواج شروع ہوا وقت کے ساتھ ساتھ جب کھجور کے پتے اتنی زیادہ تعداد میں میسر نہ ہوئے تو پھر گندم کے خشک نار سے بھی یہ کام لیا جانے لگا اور خوبصورت رنگیں اور سادہ چنگیریں تیار ہونے لگیں شادی بیاہ خوشی غمی پر ماضی میں تو عظیم روایت سمجھی جاتی تھی کہ چنگیر کے اوپر خوبصورت کڑھائی والا کپڑا ڈھانپ کر چنگیر کو سجا کر پیش کیا جاتا تھا پنجابی گھروں میں تو آج بھی یہ رواج عام ہے جب کہ شہروں میں لوگوں نے پلاسٹک کی چھابیوں کو اہمیت دینی شروع کی جو صحت کے لیے بھی مفید نہیں اگر دیکھا جائے تو ہماری دادی نانی ہماری ساسوں نے خاص طور پر چنگیروں کو سنبھال کر رکھا اور وہ چنگیریں نسل در نسل چلیں چنگیرے اور چھابیاں بچیوں کو جہیز میں دی جاتیں جہیز میں دینے کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ دکھ سکھ پر بچیاں اس کو استعمال کر سکیں گھر میں استعمال کے لیے سادہ چھابیاں بھی تحفے کے طور پر دی جاتی تھیں ماضی میں نانی دادی جب بچوں کو شہر ملنے آتی تو بچوں کے لیے چھوٹے سائز کی چنگیر یا چھابی بنا کر لازمی تحفے کے طور پر لاتیں جس کو حاصل کر کے بچوں کی خوشی دیدنی ہوتی تھی ان چھابیوں پر خاص طور پر شیشوں اور رنگیں دھاگوں سے باقاعدہ طور پر ڈیکوریشن کی جاتی تھی جو دور سے ہی نظر آتی تھی اور سونے کے ہاتھوں والی دیہی خواتین کے کمال پوشیدہ ہوتا تھا یہ کام کوئی مشین کے ذریعے نہیں ہوتا تھا بلکہ یہ خواتین کی اپنی ذہانت اور مہارت سے ہوتا ہے اہستہ اہستہ خواتین نے ان کھجور کے پتوں سے روٹی والا ڈبہ جیولری باکس شروع کی یعنی جدت لائیں اور کوشش کی کہ یہ ہنر جوان کا روزگار بھی ہے یہ چلتا

رہے یہ خواتین سال بھر دریاؤں کے کنارے سے کھجور کے پتوں کو تلاش کرتیں ہی یعنی میٹریل اکٹھا ہوتا اان پھڑوں کو خاص طور پر دھو کر صاف کیا جاتا اور پھر ان کو باقاعدہ طور پر کڑاہی میں گرم کر کے رنگ کیا جاتا اور جب یہ خشک ہو جاتے تو اس کے بعد خواتین باقاعدہ سوئی دھاگے کا استعمال کر کے چابیاں بناتیں خواتین کا کہنا ہوتا ہے کہ ابتدا میں لوگ سادی چھابیوں کو پسند کرتے تھے مگر وقت کے ساتھ ساتھ کلرفل چیزیں لوگوں کے دلوں بھاتی ہیں اور وہ اپنی ضرورت کے مطابق نہ بھی خریدیں تو وہ تحفہ تحائف دینے کی غرض سے ضرور خرید لیتے ہیں اب تو بڑے بڑے ہوٹلوں میں بھی چھبی اور چنگیر کا استعمال ہو رہا ہے اور اگر کھانے کے لیے استعمال نہ ہو تو گھروں میں اور ہوٹلوں میں خاص طور پر ڈیکوریشن پیس کے لیے اس کا استعمال کیا جا رہا ہے مگر وقت کے ساتھ ساتھ دن بدن کم ضرور ہوتا جا رہا ہے پرانے زمانے میں تو جب تندور سے روٹی لگوانے جایا کرتے تھے تو اٹے کے



اوپر چنگیے دی جاتی تھی روٹیاں تندور سے اترتی تو باقاعدہ چنگیر میں پھیلا کر ان کو گن کر گھر لایا جاتا وقت کے انسان جدت پسند ہے مگر ان ثقافتی اشیاء کی اپنی خوبصورتی ہر دور میں برقرار رہی ہے شوقین لوگ خواتین کو ایڈوانس پیسے دیہاتوں میں دے کر چھابیاں اور چنگیریں فرمائشوں سے بنواتے تھے مگر اب کچھ خواتین نے ان لائن ڈلیوری کا کام بھی شروع کر دیا ہے بہت خوبصورت چنگیرے چھابیاں اپ کو ان لائن بھی میسر ہو سکتی ہیں صرف روٹی کے لیے نہیں بلکہ فروٹ رکھنے کے لیے اور خاص طور پر شادی بیاہ پر گجرے رکھنے کے لیے خشک میوہ جات رکھنے کے لیے بھی چھیکو استعمال کیے جاتے ہیں اور رنگیں دھاگوں اور شیشے کا کام جب چنگیر پر کیا جاتا ہے تو دل کو بھاتا ہے یہ ہنر کئی صدیوں کا اثاثہ ہے خاص طور یہ پنجاب کی ثقافت اور تہذیب کی بات ہو اور چنگیر کا ذکر نا ہو اور وہ بھی خوبصورت رنگوں والی دھاگوں والی چنگیر کا یہ ممکن نہیں اگر چہ ہیر رانجھے کی داستان کی بھی

جب عکاسی کرتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ ہیر رانجھے کے لیے بڑی چنگیر میں روٹی ڈھانپ کر لے جاتی تھی ڈاھنگ ٹیبل دسترخوان یہ سب چیزیں تو بعد کی پیداوار ہیں ماضی میں تو چنگیر اور چھابی ہی دل کو

سپریم کورٹ کا تاریخی فیصلہ اور مسلم خواتین

تنزیلہ تاثیر @رانچی

مسلم معاشرے میں اکثر دیکھا جاتا ہے کہ جب بھی طلاق کا معاملہ آتا ہے تو معاشرہ مختلف انداز اختیار کرتا ہے اور اس پر فیصلہ کرتا ہے، میں یہ نہیں کہہ رہی ہوں کہ ہمارا معاشرہ غلط کر رہا ہے یا اسے غلط سمت میں لے جا رہا ہے۔ صرف اتنا کہنا چاہتیں ہوں کہ عورتیں چاہے کوئی بھی ہوں، اگر وہ واقعی اس مرحلے پر کھڑی ہیں تو بہتر فیصلہ ہونا چاہیے اور اسے الگ مسئلہ کے طور پر پیش نہیں کرنا چاہیے، جہاں تک طلاق کا معاملہ ہے، تو یہ ایک آخری معاملہ ہے، اس عورت کے لیے جو صرف اپنے آپ کو جانتی ہے، کیونکہ ہر کوئی صرف اس سطح کو دیکھ کر کچھ بتانے کے لیے بے تاب ہوتا ہے، وہ اسے ایک مختلف نقطہ نظر سے دیکھتے ہیں، یا یہ کہنا چاہیے، ہمیشہ کمتر نقطہ نظر سے دیکھتے آئیں ہیں، حالانکہ طلاق دینا اور لینا اتنا آسان نہیں ہے۔ مرد اس معاملے میں کتنا ہی غلط کیوں نہ ہو، معاشرہ اسے برتر سمجھتا ہے، لیکن قانون سب کو برابر سمجھتا ہے، چاہے وہ مرد ہو یا عورت، اس لیے جب طلاق کی بات آتی ہے تو سوچنے کی ضرورت ہے۔ اس کے ہر پہلو کے بارے میں گہرائی سے دیکھنے، جاننے اور سمجھنے کی ضرورت ہے، اگر ہم اب بھی چیزوں کو نہیں سمجھ پا رہے ہیں تو ہمیں سپریم کورٹ کے اس فیصلے کو دیکھنا چاہیے۔ ایک بے مثال فیصلے میں، سپریم کورٹ آف انڈیا نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ طلاق یافتہ مسلم خواتین کوڈ آف کریمنل پروسیجر (سی آر پی سی) کی دفعہ 125 کے تحت کفالت حاصل کرنے کی حقدار ہے۔ جسٹس بی وی ناگارتھنا اور آگسٹین جارج مسیح کی بنچ کے ذریعہ سنایا گیا فیصلہ مسلم خواتین کو بااختیار بنانے کی طرف ایک اہم قدم ہے، اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ دیکھ بھال ایک بنیادی حق ہے نہ کہ صرف خیراتی کام ہے۔ اس فیصلے کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے ہمیں 1985 کے شاہ بانو کیس پر نظر ثانی کرنی ہوگی جس میں سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا تھا کہ سی آر پی سی کی دفعہ 125 ہر کسی پر لاگو ہوتی ہے، چاہے وہ کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتی ہو۔ تاہم اس ترقی پسند حکم کو مسلم خواتین (طلاق پر حقوق کے تحفظ) ایکٹ 1986 کے ذریعے کمزور کر دیا گیا، جس میں کہا گیا تھا کہ ایک مسلمان عورت صرف عدت کے دوران نفقہ حاصل کر سکتی ہے، یعنی طلاق کے 90 دن تک ہی۔ سال 2001 میں، سپریم کورٹ نے 1986 کے ایکٹ کی آئینی توثیق کو برقرار رکھا لیکن واضح کیا کہ ایک مرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی طلاق یافتہ بیوی کو اس وقت تک کفالت فراہم کرے جب تک کہ وہ دوبارہ شادی نہ کر لے یا خود کو سنبھالنے کے قابل نہ ہو جائے۔ آج کا حکم طلاق یافتہ عورت کے مذہب سے قطع نظری آر پی سی کے تحت نفقہ حاصل کرنے کے حق کو مزید تقویت دیتا ہے۔ حالیہ مقدمہ محمد عبدالصمد کی درخواست پر مرکوز ہے، جسے فیملی کورٹ نے اپنی طلاق یافتہ بیوی کو 20,000 ہزار ماہانہ الاؤنس ادا کرنے کی ہدایت کی تھی۔ مسٹر صمد نے اپنے کیس کو سپریم کورٹ لے گئے اور یہ دلیل دیتے ہوئے کہا کہ طلاق یافتہ مسلم خواتین کو 1986 کے ایکٹ کا سہارا لینا چاہیے، جس کا ان کا دعویٰ ہے کہ سی آر پی سی کی دفعہ 125 سے زیادہ پیشکش کرتا ہے۔ سپریم کورٹ نے ان کی درخواست کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا کہ دفعہ 125 تمام شادی شدہ خواتین پر لاگو ہوتا ہے، چاہے ان کا مذہب کوئی بھی ہو۔ جسٹس ناگارتھنا نے کہا، "ہم فوجداری اپیل کو اس کلیدی تلاش کے ساتھ خارج کر رہے ہیں کہ دفعہ 125 تمام خواتین پر لاگو ہوگی نہ کہ صرف شادی شدہ خواتین پر۔ "یہ فیصلہ اس بات پر زور دیتا ہے کہ دیکھ بھال کا حق مذہبی حدود سے بالاتر ہے، صنفی مساوات کے اصولوں کو تقویت دیتا ہے۔ اور تمام شادی شدہ خواتین کے لیے مالی تحفظ، عدالت نے گھریلو خواتین کے ضروری کردار اور قربانی پر زور دیا اور ہندوستانی مردوں پر زور دیا کہ وہ اپنے شریک حیات پر اپنے جذباتی اور مالی انحصار کو تسلیم کریں۔ "کچھ شوہر اس حقیقت سے واقف نہیں ہیں کہ بیوی، جو ایک گھریلو خاتون ہے، جذباتی طور پر ان پر منحصر ہے اور اب وقت آ گیا ہے کہ ہندوستانی مرد گھریلو خواتین کی طرف سے خاندان کے لیے دی گئی قربانیوں کو تسلیم کریں۔ "بنچ نے تبصرہ کیا، کے یہ فیصلہ ایک مضبوط پیغام دیتا ہے کہ دیکھ بھال صدقہ کا معاملہ نہیں ہے بلکہ تمام شادی شدہ خواتین کا بنیادی حق ہے۔ یہ طلاق یافتہ خواتین کے لیے مالی استحکام کو یقینی بناتا ہے، انہیں وہ عزت اور احترام فراہم کرتا ہے جس کی وہ مستحق ہیں۔ مزید برآں، یہ صنفی مساوات کے تئیں ملک کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے، یہ واضح کرتا ہے کہ انفرادی قوانین صنفی غیر جانبدار سی آر پی سی کے تحت عورت کے راحت کے حق کو کمزور نہیں کر سکتے۔ اس تاریخی فیصلے کی سالمیت کو برقرار رکھنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ علما اور کمیونٹی رہنما انفرادی قوانین بنا کر اس کی اہمیت کو کم کرنے سے گریز کریں۔ سپریم کورٹ کے فیصلے سے اس بات کو تقویت ملتی ہے کہ عورت کے نگہداشت کے حق کو سی آر پی سی میں شامل کیا گیا ہے، جو ذاتی قوانین کی بالادستی کرتا ہے۔ اس فیصلے کو مسلم خواتین کے لیے انصاف اور مساوات کی طرف ایک قدم کے طور پر منایا جانا چاہیے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ ان کے حقوق کا تحفظ کیا جائے اور ان کی آواز سنی جائے۔ مختصراً، سپریم کورٹ کا فیصلہ مسلم خواتین کے لیے امید کی کرن ہے، جو انہیں قانونی مدد سے بااختیار بناتا ہے جس کی انہیں اپنے مستقبل کو محفوظ بنانے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ترقی پسند قدم ہے جو صنفی مساوات اور انصاف کو فروغ دیتا ہے، تمام خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے ملک کے عزم کا اعادہ کرتا ہے، چاہے وہ کسی بھی مذہب کی ہوں، صرف خواتین۔

پیش کردہ مضمون میری ذاتی رائے پر مشتمل ہے

شوبز SHOWBIZ

اجے دیوگن اور تبو کی نئی فلم پیسے کمانے میں سست روی کا شکار

فلم کی کاسٹ میں اجے دیوگن اور تبو کے علاوہ جمی شیرگل، سائی منجریکر اور شانتنو مہیشواری بھی شامل ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اسٹار اجے دیوگن اور اداکارہ تبو کی نئی رومینٹک فلم 'اوروں میں کہاں دم تھا' باکس آفس پر راج کرنے میں ناکام ہوگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 2 اگست کو ریلیز ہونے والی فلم 'اوروں میں کہاں دم تھا' دو دن میں باکس آفس پر صرف 4 کروڑ روپے کما سکی ہے۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ اجے دیوگن نے ریلیز سے قبل سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر فلم کی تشہیری مہم بھی چلائی تھی لیکن اس کے باوجود اُن کی فلم ناکام نظر آ رہی ہے۔ مختلف میڈیا رپورٹس میں یہ بھی کہا گیا کہ فی الحال 'فلم' اوروں میں کہاں دم تھا' کے بارے میں یہ کہنا مشکل ہے

میں میرب کی وجہ سے 5 وقت کی نماز پابندی سے پڑھتی ہوں، سعدیہ امام

ہم نے بھی اپنی والدہ کو دیکھ کر سیکھا ہے اور اب میری بیٹی میرب بھی مجھے دیکھ کر سیکھتی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ سعدیہ امام کا کہنا ہے کہ تعلیمی ادارے پڑھاتے ہیں مگر تربیت کرنا والدین کا کام ہے۔ حال ہی میں ماضی کی اداکارہ و میزبان نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں اپنی بیٹی کے ہمراہ شرکت کی۔ دوران پروگرام انہوں نے بتایا کہ ان کے شوہر پاکستان میں نہیں ہوتے اس لیے ماں اور باپ دونوں کی ذمہ داری ان پر ہے۔ بچے والدین کو دیکھ کر سیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بھی اپنی والدہ کو دیکھ کر سیکھا ہے اور اب میری بیٹی میرب بھی مجھے دیکھ کر سیکھتی ہے، اگر کبھی میں گھر میں نہ ہوں اور کوئی مہمان آ جائے تو اسے یہ محسوس نہیں ہوگا کہ گھر میں کوئی نہیں ہے۔

شہرت ملنے کے بعد ذمہ دار انسان بن گیا ہوں، وہاج علی

وہاج علی پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے ٹاپ ٹرینڈنگ اسٹارز میں سے ایک ہیں

امریکا (ایم نیوز) پاکستان سمیت پڑوسی ملک بھارت میں یکساں مقبولیت رکھنے والے معروف اداکار وہاج علی نے شہرت ملنے کے بعد اُن کے اندر آنے والی تبدیلیوں کے بارے میں بتا دیا۔ وہاج علی پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے ٹاپ ٹرینڈنگ اسٹارز میں سے ایک ہیں، دُنیا بھر میں اُن کے مداحوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔ اداکار کو سال 2022 میں نشر ہونے والی بلاک بسٹر ڈرامہ سیریل 'تیرے بن' کی وجہ سے بہت شہرت ملی، اس ڈرامے میں وہاج کے ساتھ خوبرو اداکارہ یمنیٰ زیدی نے مرکزی کردار ادا کیا تھا۔ یمنیٰ زیدی اور وہاج علی کی آن اسکرین جوڑی کو مداحوں کی جانب سے خوب پسند کیا گیا۔

سین کو حقیقی روپ دینے کی کوشش میں جھانوی نے خود کو زخمی کرلیا

شوٹنگ کے آخر میں ننگے پیر بھاگنے کی وجہ سے انہیں چوٹیں لگیں

ممبئی (این این آئی) ابھرتی ہوئی بھارتی اداکارہ جھانوی کپور کے بارے میں انکشاف ہوا ہے کہ انہوں نے اپنی نئی فلم 'الجھ' کے کلائمکس سین کو حقیقی روپ دینے کیلئے خود کو زخمی کرلیا تھا۔ جھانوی کی فلم الجھ حال ہی میں سینما گھروں کی زینت بنی ہے۔ فلم میں جھانوی نے ایک آئی ایف ایس آفیسر کا کردار نبھانے کیلئے اپنی پوری جان لگادی۔ حال ہی میں فلم ڈائریکٹر سدھانشو ساریا نے فلم کی شوٹنگ کے دوران جھانوی کو درپیش چیلنجز کے بارے میں بات کی اور انکشاف کیا کہ اداکارہ نے بھوپال کی گلیوں میں 1000 میٹر ننگے پیر بھاگ کر ایک اہم سین مکمل کیا۔

پاکستانی شوبز میں 32 سال تک کام کرنے کے باوجود حکومتی ایوارڈ نہیں ملا، ریمبو

کراچی (این این آئی) ماضی کے معروف پاکستانی فلم اسٹار افضل خان المعروف ریمبو نے شکوہ کیا ہے کہ تین دہائیوں تک پاکستانی شوبز میں کام کرنے کے باوجود تاحال انہیں پرائیڈ آف پرفارمنس جیسا کوئی ایوارڈ نہیں ملا۔ حال ہی میں ریمبو نے اپنی اہلیہ و سابقہ فلمی اداکارہ صاحبہ کے ہمراہ نجی ٹی وی چینل کے مارننگ شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی نجی زندگی سمیت شوبز کیریئر پر بھی گفتگو کی۔ ریمبو نے پاکستانی فنکاروں کو ملنے والے ایوارڈز کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں ایک ہی ایوارڈ شو ہوتا تھا، اُسی شو میں تمام اداکاروں، فلموں اور ڈراموں کو ایوارڈز ملتے تھے لیکن اب ہر ٹی وی چینل اپنے اپنے ایوارڈ شوز کرتے ہیں جو کہ غلط ہے۔ اداکار نے مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ پوری پاکستانی شوبز انڈسٹری کے لیے ایک ہی ایوارڈ شو منعقد کیا جائے، پھر وہاں تمام ٹی وی چینلز کی فلموں، ڈراموں کو اکٹھا کیا

تعلقات سے کباڑہ ہوتا، سیدھا شادی کروں گی، انمول بلوچ

کوئی ایک شخص دوسرے کیلئے 100 فیصد تک تبدیل نہیں ہوسکتا



لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ انمول بلوچ نے کہا ہے کہ تعلقات سے جذبات کا کباڑہ ہوتا ہے اس لیے میں براہ راست شادی کروں گی۔ اداکارہ انمول بلوچ نے حال ہی میں ایک میگزین کو انٹرویو دیا جہاں انہوں نے کیریئر سمیت دوسرے معاملات پر کھل کر بات کی۔ پروگرام کے دوران شادی کے معاملے پر بات کرتے ہوئے انمول بلوچ کا کہنا تھا کہ آج کل کے دور میں شادی کے لیے ہر کسی نے اپنی ترجیحات طے کر رکھی ہیں اور بہت سارے افراد نے ترجیحات کی لمبی فہرست بنا رکھی ہے۔ اداکارہ کے مطابق شادی کے لیے لڑکیاں ہونے والے شوہر کے لیے بہت ڈیمانڈ کرتی ہیں۔ کہ وہ امیر ہونا چاہیے، خوبصورت بھی ہو، خواتین کی عزت بھی کرتا ہو اور میری ہر بات سے اتفاق بھی کرتا ہو۔ انمول بلوچ نے کہا کہ لڑکیاں سوچتی ہیں کہ وہ اس مردسے شادی کریں گی۔

: نداچودھری کی پرفارمنس کے دوران تھیٹر میں فائرنگ، بھگدڑ مچ گئی

اداکارہ نداچودھری ریکس تھیٹر میں جاری ڈرامہ 'مزہ لین دے' میں مرکزی کردار ادا کر رہی تھی

ملتان (این این آئی) ریکس تھیٹر میں ڈانسر ندا چودھری کی پرفارمنس کے دوران فائرنگ سے ہال میں بھگدڑ مچ گئی۔ ذرائع کے مطابق ریکس تھیٹر ملتان کی سکیورٹی سوالیہ نشان بن گئی، گزشتہ شب ریکس تھیٹر میں سٹیج اداکارہ ندا چودھری کی پرفارمنس کے دوران ہال میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جہاں شائقین میں سے ایک شخص نے اچانک نداچودھری کے رقص کے دوران فائرنگ شروع کردی۔ انتظامیہ کی جانب سے ہال میں فائرنگ کی فوٹیج منظر عام پر آ گئی، فائرنگ کے بعد ہال سمیت گرین روم میں بھگدڑ مچ گئی اور کئی شائقین نے کرسیوں کے نیچے چھپ کر اپنی جانیں بچائیں، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعہ کے بعد ہال میں آنے والے شائقین نے انتظامیہ پر تنقید کے نشتر چلاتے ہوئے کہا کہ ہال میں اسلحہ کا پہنچ جانا سکیورٹی کے لیے سوالیہ نشان بن گیا ہے۔ اگر انتظامیہ نے سکیورٹی پر توجہ نہ دی تو کل کلاں بڑا سانحہ رونما ہو سکتا ہے۔ واضح ہے اداکارہ ندا چودھری ریکس تھیٹر میں جاری ڈرامہ 'مزہ لین دے' میں مرکزی کردار ادا کر رہی تھی۔

سپورٹس SPORTS

ممکنہ دہشت گردی کے پیش نظر پیرس اولمپکس کی سکیورٹی مزید سخت

پیرس (اے ایف بی) پیرس اولمپکس میں دہشتگردی کے امکانات بڑھ جانے کے بعد حفاظتی انتظامات کو مزید سخت کر دیا گیا۔ اولمپک مقابلوں کے دوران اسٹیڈیم کے قریب مقام پر مشکوک چیز ملنے پر بم الرٹ جاری کیا گیا، اس وقت سٹیڈیم پہلا سیشن مکمل ہونے کے بعد خالی ہو چکا تھا، قریبی ریلوے سٹیشن کو سکیورٹی کے پیش نظر بند کر دیا گیا۔ دوسری جانب فرانس وزیر داخلہ جیرالڈ درمانین کا کہنا ہے کہ حکام کو اولمپک گیمز کے پہلے ہفتے میں دہشت گردی کے کسی بڑے خطرے کا پتہ نہیں چلا، انھی دنوں سکیورٹی فورسز نے مختلف جرائم میں تقریباً 200 افراد کو گرفتار کیا ہے، ان میں کچھ ممکنہ حملہ آور ہو سکتے تھے۔ دوسری طرف پیرس گیمز کے دوران شہر میں تشدد کے واقعات میں 24 فیصد اور کار چوری کی وارداتوں میں 10 فیصد کمی دیکھنے میں آئی ہے۔

ناروے کپ، پاکستان کی انڈر 15-، 17 دونوں ٹیموں کو شکست

انڈر 15 ٹیم ٹورنامنٹ میں دوسری، انڈر 17 اسٹریٹ چائلڈ ٹیم تیسری پوزیشن کا میچ بھی ہار گئی

اوسلو (اے ایف بی) ناروے کپ فٹبال کیلئے جانے والی دونوں پاکستانی ٹیمیں ٹائٹل جیتنے میں ناکام ہو گئیں۔ انڈر 15 میں شریک بیٹر فیوچر پاکستان کو فائنل میں شکست ہوئی جس کے بعد اس نے ٹورنامنٹ میں دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ انڈر 17 میں اسٹریٹ چائلڈ ٹیم کو تیسری پوزیشن کے میچ میں بھی شکست ہوئی، دونوں ٹیمیں پنالٹی شوٹ آؤٹس پر ناکام ہوئیں۔ ناروے کپ 15 کا فائنل ناروے کے کلب کقم کام اوسلو کے نام رہا اس نے فائنل میں پاکستان کی ٹیم کو شکست دی، مقابلہ مقررہ وقت پر 2-2 سے برابر رہا جس کے بعد پنالٹی شوٹ آؤٹ پر پاکستان کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ فیوچر پاکستان کے پلیئر سلمان نے ایک گول اسکور کیا، دوسرا گول شہباز نے کیا۔ ادھر قومی اسٹریٹ چائلڈ فٹبال ٹیم ناروے کپ میں تیسری پوزیشن کا میچ پنالٹی شوٹ آؤٹ پر ہار گئی۔ انڈر 17 میں پاکستان اسٹریٹ چائلڈ فٹبال ٹیم کو ناروے کے سوترا کلب نے 5-4 سے پنالٹی شوٹ آؤٹ پر ہرایا۔ مقررہ وقت پر میچ 1-1 گول سے برابر رہا

پی سی بی کی جانب سے سوست میں پہلی بار خواتین ٹرائلز کا انعقاد

دو مرحلوں میں 14 شہروں میں یہ ٹرائلز 5 اگست سے 3 ستمبر تک ہوں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے گراس روٹ لیول پر ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کی کوشش کے طور پر 5 اگست سے ملک بھر میں خواتین کے لیے اوپن ٹرائلز کا انعقاد کر رہا ہے، ان ٹرائلز کی خاص بات یہ ہے کہ 14 شہروں میں سے، پی سی بی وادی سوست میں پہلی مرتبہ خواتین کے کرکٹ ٹرائلز کا انعقاد کر رہا ہے۔ یہ خطہ اپنے دلکش مناظر اور پرجوش کرکٹ کمیونٹی کے لیے پہچانا جاتا ہے، یہ اقدام دور دراز علاقوں میں خواتین کی صلاحیتوں کو تلاش کرنے کے پی سی بی کے عزم کو اجاگر کرتا ہے۔ ٹرائلز دو مرحلوں میں ہوں گے جن میں گلگت، ہنزہ اور سوست میں 5 سے 7 اگست تک ٹرائلز ہوں گے جبکہ دوسرا مرحلہ 21 اگست سے شروع ہو کر 3 ستمبر کو اختتام پذیر ہوگا۔ ٹرائلز کی کسی بھی تاریخ پر بارش ہونے کی صورت میں متعلقہ شہر کے ٹرائلز 4 سے 5 ستمبر کے درمیان کیے جائیں گے۔ سابق بین الاقوامی کرکٹرز اسد شفیق اور بتول فاطمہ جو کہ خواتین کی قومی سلیکشن کمیٹی کی ممبران ہیں ملک بھر میں ٹرائلز منعقد کریں گے۔ اس میں دو کیٹگریز انڈر 19 اور ایمرجنگ ہے۔ کیم ستمبر 2005 یا اس کے بعد پیدا ہونے والی کھلاڑی انڈر 19 ٹرائلز کے لیے اہل ہوگی۔ دوسرے مرحلے میں کھلاڑی آن لائن فارم پُر کر کے ٹرائلز کے لیے خود کو رجسٹر کروا سکتی ہیں جو کہ مقررہ وقت پر دستیاب ہوں گے۔ کھلاڑیوں کو ٹرائلز کے لیے اپنے بھرے ہوئے فارمز کا پی اور اصل پیدائشی سرٹیفکیٹس ب فارمز اور شناختی کارڈز ساتھ لانے کی ضرورت ہوگی۔ کھلاڑیوں کی سہولت کے لیے وہ گراؤنڈ میں بھی اپنی رجسٹریشن کروا سکتی ہیں۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر اور سلیکشن کمیٹی کے رکن اسد شفیق کا کہنا ہے کہ یہ ٹرائلز سلیکٹرز کو خواتین کرکٹرز کی مستقبل کی کھلاڑیوں کو دریافت کرنے اور تیار کرنے میں مدد کریں گے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے خواہاں ہیں کہ ملک کے ہر کونے سے ٹیلنٹ کو سامنے آنے کا مناسب موقع ملے۔ یہ عمل انہیں ڈومیسٹک ٹیموں کی نمائندگی کرنے کے قابل بنائے گا

پاکستان کے ناصر اقبال نے آسٹریلیا میں ہونیوالا بیگا اوپن اسکواش ٹورنامنٹ جیت لیا

سڈنی (اے ایف بی) پاکستان کے ناصر اقبال نے آسٹریلیا میں ہونیوالا بیگا اوپن اسکواش ٹورنامنٹ جیت لیا۔ پاکستانی اسکواش کھلاڑی ناصر اقبال نے شاندار پرفارمنس کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے فائنل میں سیکنڈ سیڈ ہانگ کانگ کے میتھیو لائے کو 0-3 سے شکست دی۔ ناصر اقبال کی کامیابی کا اسکور 6-11، 1-11 اور 3-11 رہا جبکہ انہوں نے اپنا فائنل صرف 24 منٹ میں جیتا۔ بیگا اوپن اسکواش کی مجموعی انعامی رقم 12 ہزار ڈالرز ہے جو کہ تقریباً 33 لاکھ پاکستانی روپے بنتی ہے۔ بیگا اوپن پاکستانی اسکواش پلیئر کے کیریئر کا 17 واں ٹائٹل ہے۔ ناصر اقبال نے آخری 5 میں سے 4 ٹورنامنٹ جیتے ہیں اور اب ناصر اقبال ملائشیا میں ہونے والے ٹورنامنٹس میں حصہ لیں گے۔

ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کیلئے ملک بھر میں خواتین کے کرکٹ ٹرائلز کا آغاز

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے گراس روٹ لیول پر ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کیلئے ملک بھر میں خواتین کے کرکٹ ٹرائلز کا آغاز کر دیا ہے۔ پی سی بی وادی سوست میں پہلی مرتبہ خواتین کے کرکٹ ٹرائلز کا انعقاد کر رہا ہے، اس کا مقصد دور دراز علاقوں میں باصلاحیت خواتین کرکٹرز کی تلاش ہے۔ مجموعی طور پر 14 شہروں میں ٹرائلز 2 مرحلوں میں ہوں گے جن میں گلگت، ہنزہ اور سوات میں 5 سے 7 اگست جبکہ دوسرا مرحلہ 21 اگست سے شروع ہو کر 3 ستمبر کو اختتام پذیر ہوگا۔ ٹرائلز کی کسی بھی تاریخ پر بارش ہونے کی صورت میں متعلقہ شہر کے ٹرائلز 4 سے 5 ستمبر کے درمیان ہوں گے۔ سابق کرکٹرز اور خواتین کی قومی سلیکشن کمیٹی کے ممبران اسد شفیق اور بتول فاطمہ ملک بھر میں ٹرائلز منعقد کریں گے، اس میں دو کیٹگریز انڈر 19 اور ایمرجنگ ہیں، یکم ستمبر 2005 یا اس کے بعد پیدا ہونے والی کھلاڑی انڈر 19 ٹرائلز کے لیے اہل ہوں گی۔

بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ کا فیصلہ

ٹیسٹ اسکواڈ کے کھلاڑیوں کو 9 اگست کو طلب کیے جانے کا امکان، سینٹرل کنٹریکٹ فٹنس سے مشروط ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم نے بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیسٹ اسکواڈ کے کھلاڑیوں کو 9 اگست کو طلب کیے جانے کا امکان ہے، قومی کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ 10 اگست کو ہونے کا امکان ہے۔ سینٹرل کنٹریکٹ میں شامل دستیاب کھلاڑیوں کو بھی فٹنس ٹیسٹ کے لیے بلایا جائے گا، سینٹرل کنٹریکٹ کا تاحال اعلان نہیں ہوسکا، سینٹرل کنٹریکٹ فٹنس سے مشروط ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کچھ دستیاب کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ پہلے بھی لیے جا سکتے ہیں، کرکٹرز کے 5 سے 6 مختلف ٹیسٹ ہوں گے، عالمی معیار کے مطابق فٹنس ڈیکلیئر کی جائے گی۔ بنگلادیش اے کے خلاف پہلے 4 روزہ میچ میں ٹیسٹ اسکواڈ کے بعض کھلاڑیوں کو کھلایا جائے گا، فاسٹ بولر نسیم شاہ اور میر حمزہ کو بھی کھلائے جانے کا امکان ہے۔

پاکستان بنگلہ دیش ٹیسٹ سیریز، قومی سکواڈ کا اعلان منگل تک متوقع

لاہور (اے ایف بی) پاکستان اور بنگلہ دیش ٹیسٹ سیریز کیلئے پی سی بی سلیکٹرز (آج) پیر یا (کل) منگل کو قومی سکواڈ کا اعلان کریں گے۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق ایڈوائزر کرکٹ افیئرز وقار یونس کی قومی ٹیم کے کپتان اور کوچ سے مشاورت جاری ہے، کئی کھلاڑی فارم اور فٹنس کی بنیاد پر جگہ برقرار نہیں رکھ سکیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محمد ہریرہ کو ٹیسٹ سکواڈ میں شامل کئے جانے کا امکان ہے، فہیم اشرف، وسیم جونیئر، صائم ایوب، نعمان علی کا ٹیم میں جگہ بنانا مشکل نظر آ رہا ہے جبکہ امام الحق کے نام پر بحث ہوگی۔ دوسری جانب سکواڈ میں صاحبزادہ فرحان کو شامل کرنے کا امکان بھی ہے، عامر جمال اور حسن علی کی فٹنس کا جائزہ لینے کے بعد فیصلہ ہوگا۔ خیال رہے بنگلہ دیش ٹیم 17 اگست کو اسلام آباد پہنچے گی اور پاکستان بنگلہ دیش ٹیسٹ سیریز کا آغاز 21 اگست سے ہوگا۔ واضح رہے ٹیسٹ سکواڈ میں متعدد تبدیلیوں کا امکان ہے۔

پاکستان بھر میں سکولز کالجز اور یونیورسٹیز میں کرکٹ کو فروغ دینے اور انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی ہدایت پر پاکستان بھر میں سکولز کالجز اور یونیورسٹیز میں کرکٹ کو فروغ دینے اور انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے تحت پورے ملک کے سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز (بوائز گرلز) کی سطح پر کرکٹ ٹورنامنٹس اور لیگز کرائی جائیں گی اس ضمن میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن، ہائیر ایجوکیشن کمیشن اور سی ڈی اے کے مابین معاہدے طے پا گئے ہیں، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اور وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ سی ڈی اے ہیڈکوارٹر میں مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کی خصوصی تقریب منعقد ہوئی، ڈائریکٹر ڈومیسٹک پی سی بی عبداللہ خرم نیازی، انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن کے ڈائریکٹر سپورٹس محمد عثمان خان اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے ڈائریکٹر سپورٹس جاوید علی میمن نے مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ کرکٹ کے نچلی سطح پر فروغ کے لئے تاریخ میں پہلی بار سنجیدہ کاوش کی گئی ہے، انٹر سکولز، انٹر کالجیٹ، انٹر یونیورسٹیز ٹورنامنٹس کے انعقاد سے نچلی سطح سے ٹیلنٹ سامنے آئیگا، تمام ادارے ایک ساتھ ملکر ٹورنامنٹ کرائیں گے تو بہترین نتائج حاصل ہوں گے۔ امید ہے ان معاہدوں پر عمل درآمد سے گراس روٹ لیول پر کرکٹ مضبوط ہوگی۔ وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سکولز ہر ٹیلنٹ کی نرسریاں ہیں، اچھے کھلاڑی سکولز سے ہی ابھر کر آتے ہیں، معاہدوں کے تحت آئی بی سی سی تمام تعلیمی بورڈز کے ساتھ مل کر ٹورنامنٹس کے انتظامات کی نگرانی کرے گا جبکہ ہائیر ایجوکیشن اداروں میں کرکٹ کے فروغ کے لیے فریم ورک مرتب کر کے عمل درآمد کیا جائیگا، اعلیٰ تعلیمی اداروں میں کرکٹ اکیڈمیوں کے قیام کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 06 اگست 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 06 اگست 2024، صبح 08:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، پی سی، ٹی ڈی سی پی، ایم سی ایم، گھڑیال، کوہالہ، سنی بینک فیڈرز صبح 06:00 بجے تا دن 10:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، H-8/2، اے جی مال (کمرشل) فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، گلزار قائد، گنگال، ائر پورٹ، کھنہ روڈ، کمرشل سینٹر، چاکرہ، بجنیال۔ I & II، امیر حمزہ کالونی، مدینہ کالونی فیڈرز، اٹک سرکل، این اے ایس ٹی پی، قاضی آباد، ماڈل ٹاؤن، گڑھی افغانہ، پنڈ پران، ویلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، پسوال، پی ایم کالونی، ملہوالی، مسعود شہید، مسلم ٹاؤن فیڈرز صبح 07:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، محبوب شہید، پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک، کار چوک، مورگاہ، پارک ویو، فوجی فونڈیشن، موہرہ نگیال، ولایت کمپلکس، ایکس لائز، اے او ڈبلیو ایچ ایس، رحمت آباد۔ I فیڈرز، چکوال سرکل، ڈھوڈا فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

سی ڈی اے مزدور یونین ریفرنڈم کے لیے ہر وقت تیار ہے، چوہدری محمد یٰسین

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کمیٹی ڈی ایم اے ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام عظیم الشان شمولیتی پروگرام ڈی ایم اے آفس میں منعقد ہوا جس میں سی ڈی اے مزدور یونین کے مرکزی عہدیداران، سی بی اے کمیٹیز کے نمائندگان اور مزدوروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، شمولیتی پروگرام میں سی ڈی اے لیبر یونین (امان اللہ خان گروپ) کے سرپرست اعلیٰ ملک عاصم، ڈپٹی جنرل سیکرٹری عالم نصیر، نائب صدر راجہ ظفر، سراج الملوک، ثاقب جنجوعہ، زاہد کیانی، حاجی اختر عباس، ملک اسحاق، ذیشان الٰہی، ملک رفیق، دانش مورس، چاند، عمران کرامت سمیت سینکڑوں ملازمین نے سی ڈی اے لیبر یونین اور ایمپلائز یونین (پاشا گروپ) کو چھوڑ کر سی ڈی اے مزدور یونین میں شمولیت کا اعلان کیا، اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان ورکرز فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری و قائد مزدور یونین چوہدری محمد یٰسین، صدر اورنگزیب خان، چیئرمین راجہ شاکر زمان کیانی، سپریم ہیڈ صوفی محمود علی، ملک عاصم، علی اصغر مانی بٹ و دیگر عہدیداران نے کہا کہ سی ڈی اے مزدور یونین کا مشن ملازمین کی بلاتفریق خدمت اور انکے حقوق کا تحفظ کرنا ہے، آج کی شمولیت اس بات کی گواہ ہے کہ سی ڈی اے مزدور یونین کی بطور سی بی اے کارکردگی کو دیکھ کر سی ڈی اے مزدور یونین میں شامل ہوئے ہیں اور ہمیں ملک عاصم اور انکے ساتھیوں پر فخر ہے اور انشاء اللہ انکی شمولیت سے سی ڈی اے مزدور یونین مزید مضبوط ہوگی اور نئی توانائی کے ساتھ ریفرنڈم میں حصہ لیں گے اور تمام فیصلے باہمی مشاورت سے کیے جائیں گے۔

نے بتایا کہ تمام 11 ایف آئی آرز 9 مئی کی ہی ہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ڈی آئی جی آپریشنز راولپنڈی کو بلا کر 9 مئی مقدمات کا اسٹیٹس پوچھ لیتے ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے ڈی آئی جی آپریشنز راولپنڈی کو 7 اگست کو طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ 53

کے مطابق انسولین، ٹیٹنس سمیت جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں دوگنا اضافہ ہونے سے مریضوں کی چیخیں نکل گئی ہیں، غیر ملکی ادویہ ساز کمپنیوں نے انسولین منگوانا اور بنانا چھوڑ دی ہیں جس سے باعث ملک بھر میں شوگر کے کروڑوں مریضوں کو انسولین کی عدم دستیابی سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، سروے میں معلوم ہوا ہے کہ گزشتہ چند ماہ سے ملٹی نیشنل کمپنیوں نے انسولین بنانا چھوڑ دی جس سے انسولین کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں 450 روپے میں ملنے والی انسولین کی قیمت 1500 تک پہنچ چکی ہے جس سے مریضوں کی قوت خرید جواب دے چکی ہے، دوسری جانب حادثات میں زخمی ہونیوالے مریضوں کو لگائے جانیوالا ٹیٹنس کا انجکشن بھی نایاب ہو چکا ہے جس سے مریضوں کی جان کو خطرات لاحق ہو رہے ہیں، یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں بھی انسولین اور ٹیٹنس کے انجکشن کی عدم دستیابی سے ڈاکٹرز حضرات کی مشکلات میں بھی اضافہ ہو گیا ہے، غریب مریضوں کا کہنا ہے کہ دو وقت کی روٹی پورا کرنا مشکل تھا اب جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ سے مزید مشکلات بڑھ گئی ہیں انسولین ٹیٹنس سمیت جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر ہونیوالے اضافے سے مریضوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے مریضوں نے حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دو وقت کی روٹی کمانا مشکل ہو گیا ہے، ادویات کی قیمتوں پر قابو پایا جائے تاکہ انسانی جانوں کا ضیاع نہ ہو سکے۔

راولپنڈی سے ناجائز اسلحہ رکھنے پر 5 ملزمان پکڑے گئے

پولیس نے اسلحہ معہ ایمونیشن قبضے میں لے کر مقدمات درج کر لئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضے سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ملزم احسن افضل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم ظہور سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ایئرپورٹ پولیس نے ملزم عبدالرؤف سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر بیرونی پولیس نے ملزم منیب علی سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم ذوالفقار سے 01 رائفل 12 بور برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں اور ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

راولپنڈی سے 6 شراب سپلائر پکڑے گئے

پولیس نے 95 لیٹر شراب برآمد اپنے قبضے میں لے لی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضے سے 95 لیٹر شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس نے ملزم ندیم رمضان سے 30 لیٹر شراب، واہ کینٹ پولیس نے ملزم سعید گل سے 30 لیٹر شراب، صدر بیرونی پولیس نے ملزم عابد سے 10 لیٹر شراب، ملزم نواز حسین سے 10 لیٹر شراب، پیرودھائی پولیس نے ملزم سرفراز سے 10 لیٹر شراب، وارث خان پولیس نے ملزم آصف سے 5 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ شراب سپلائرز اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ویسٹریج پولیس کا پی آئی اے کالونی و گردونواح میں سرچ آپریشن

گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی

راولپنڈی (این این آئی) ویسٹریج پولیس نے پی آئی اے کالونی اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹریج پولیس نے پی آئی اے کالونی اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں مقامی پولیس سمیت، لیڈی پولیس، ایلیٹ فورس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے شرکت کی، سرچ آپریشن کے دوران 59 گھروں، 24 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور انفرادی طور پر 95 افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

راولپنڈی، تاش پر جواء کھیلنے والے 4 قمار باز گرفتار

قبضے سے داؤ پر لگی رقم 20 ہزار روپے، 5 موبائل فونز، 2 موٹر سائیکل اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 4 قمار بازوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 20 ہزار روپے، 5 موبائل فونز، 2 موٹر سائیکل اور تاش کے پتے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 04 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں نیک محمد، قمر، حمزہ اور ارشد شامل ہیں، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 20 ہزار روپے، 05 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، موقعہ سے 02 موٹر سائیکل بھی قبضہ پولیس میں لیے گئے۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے، قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

راہزنی و چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

قبضے سے مسروقہ رقم 50 ہزار روپے اور 3 چوری شدہ موٹریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے راہزنی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم 50 ہزار روپے اور 3 چوری شدہ موٹریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے راہزنی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں زبیر اور ماجد شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 50 ہزار روپے اور 03 چوری شدہ موٹریں برآمد ہوئیں، ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کر دیا گیا، ملزمان چوری اور راہزنی کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں، ایس پی صدر نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

راولپنڈی سے 6 منشیات فروش پکڑے گئے

پولیس نے 7 کلو سے زائد چرس اپنے قبضے میں لے لی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضے سے 7 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے ملزم اظہر محمود سے 01 کلو 520 گرام چرس، ملزم گلفام سے 01 کلو 015 گرام چرس، واہ کینٹ پولیس نے ملزم عمر عامر سے 01 کلو 400 گرام چرس، ملزم محمد حمید سے 01 کلو 440 گرام چرس، گوجرخان پولیس نے ملزم طارق جاوید سے 01 کلو 640 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم دانیال رفاقت سے 01 کلو 560 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

چیئرمین سینیٹ کی زیر صدارت سینیٹ ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس

کمیٹی نے سینیٹ کے 341 ویں اجلاس کے دوران ہونے والے قانون سازی کے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

اجلاس میں قانون سازی کے علاوہ اہم قومی اور بین الاقوامی امور کی موجودہ صورتحال پر بھی بحث کی گئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سینٹ کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی (HBAC) کا اجلاس پیر کو چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ کمیٹی نے سینیٹ کے 341 ویں اجلاس کے دوران ہونے والے قانون سازی کے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں قانون سازی کے علاوہ اہم قومی اور بین الاقوامی امور کی موجودہ صورتحال پر بھی بحث کی گئی۔ (HBAC) کمیٹی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سینیٹ کا یہ حالیہ اجلاس جمعہ تک جاری رہے گا۔ سینیٹ ایڈوائزری کمیٹی (بقیہ نمبر 1)

ہندو پنچائت کندھ کوٹ کی طرف سے ریلی نکالی گئی ریلی

مختلف علاقوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب کندھ کوٹ پہنچی

کشمور (سید رشید احمد شاہ سے) کے مطابق 5 اگست بروز سوموار صبح 10 بجے کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے اور ہندوستان کے کالے قانون کے خلاف کندھ کوٹ پریس کلب پہ احتجاج کیا گیا۔ ہندو پنچائت کے رہنماء و تمام مکتبہ فکر کے محب وطن بھائیوں نے بھرپور شرکت کی۔ اس دوران شرکاء نے کشمیر بنے گا پاکستان، پاک فوج زندہ آباد کے (بقیہ نمبر 2)

شہدائے پولیس کی قربانیاں رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی، محترمہ نازیہ راحیل

کمالیہ (این این آئی) سابق ایم پی اے و ضلعی صدر وومن پاکستان مسلم لیگ ن محترمہ نازیہ راحیل و رہنما مسلم لیگ (ن) اور رہنما پاکستان مسلم لیگ ن و چیئرمین سردار الطاف گروپ سردار راحیل انور سابق امیدوار قومی اسمبلی اور معروف سماجی شخصیت ملک سرور بلال نے اپنے مشترکہ بیان میں 4 اگست یوم شہدائے پولیس کے حوالہ سے اظہار خیال (بقیہ نمبر 3)

وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق غلاف کعبہ کی مینوفیکچرنگ کسواء فیکٹری میں نوادرات کی زیارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے ضلع ہرنائی سے 6 افراد کی لاشیں برآمد، شناخت نہ ہوسکی

ہرنائی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع ہرنائی سے 6 افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق ہرنائی میں شاہرگ کے علاقے شعبان سے 6 افراد کی لاشیں برآمد ملی ہیں، لاشیں پہاڑی علاقے سے برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ لاشیں رورل ہیلتھ سنٹر شاہرگ منتقل کی جارہی ہیں جبکہ لاشوں کی شناخت تاحال نہیں ہوسکی۔

چوآ سیدن شاہ میں کشمیر کیساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی

کشمیری عوام کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا، ایم پی اے مہوش سلطان راجہ

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) ملک بھر کی طرح چوآ سیدن شاہ میں بھی مظلوم کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ اور پرنسپل امجد علی صاحب کی قیادت میں ریلی نکالی گئی۔ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری چوآ سیدن شاہ میں یوم کشمیر کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد۔ پاکستان کے دوسرے شہروں کی طرح چوآ سیدن شاہ میں کشمیر (بقیہ نمبر 4)

ہائیکورٹ نے عمران خان پر درج مقدمات کی تفصیلات طلب کرلیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی مقدمات اور انکوائریوں کی تفصیلات کے لیے دائر درخواست پر وفاقی تحقیقاتی ادارے سمیت دیگر فریقین سے مقدمات کی تفصیلات طلب کر لیں۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شمس محمود مرزا کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے درخواست پر سماعت کی۔ اپیل میں موقف اپنایا گیا کہ سیاسی بنیادوں پر جھوٹے مقدمات میں ملوث کیا جارہا ہے۔ استدعا عدالت درج تمام مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کا (بقیہ نمبر 6)

مودی حکومت کے اوچھے ہتھکنڈے بے نقاب ہوچکے ہیں

وہ دن دور نہیں جب وہ بھارتی ناجائز تسلط سے آزاد ہونگے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی وزیر نجکاری عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ مودی حکومت کے اوچھے ہتھکنڈے بے نقاب ہوچکے ہیں، کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو کوئی طاقت ناکام نہیں بنا سکتی، وہ دن دور نہیں جب وہ بھارتی ناجائز تسلط سے آزاد ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر سرمایہ کاری (بقیہ نمبر 5)

لاہور: پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی چیمپیئنز ایونٹس اور 2024-25 مینز ڈومیسٹک کرکٹ کیلنڈر کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں، چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر اور وقار یونس بھی موجود ہیں

سوشل میڈیا پر اچھے کام بھی ہو رہے ہیں لوگوں کو فوائد بھی ملتے ہیں

اچھی چیزوں کا استعمال ہونا چاہیے مگر بری چیزوں کو روکنا ہے، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم کے ریمارکس

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے عظمیٰ بخاری کی مبینہ ویڈیو کیخلاف درخواست پر فریقین کو جواب جمع کرانے کی ہدایت

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائیکورٹ نے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی مبینہ ویڈیو کیخلاف درخواست پر پنجاب حکومت سمیت دیگر فریقین کو جواب جمع کرانے کی ہدایت کردی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے عظمیٰ بخاری کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار اپنے وکلا کے ہمراہ عدالت پیش ہوئیں۔ دوران سماعت ایف آئی اے کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ملزم (بقیہ نمبر 7)

عمران نیازی نے ٹرمپ کی خواہش پر کشمیر بھارت کے حوالے کیا

اقوام متحدہ کشمیر اور فلسطین کے معاملہ میں مردہ گھوڑے سے بھی بدتر ہے، برجیس طاہر

ننکانہ صاحب (این این آئی) عمران خان نے ٹرمپ کی خواہش پر کشمیر کو پلیٹ میں رکھ کر بھارت کے حوالے کیا، مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن سابق گورنر وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کہا کہ عمران خان نے امریکہ کے صدر ٹرمپ کی خواہش پر کشمیر کو پلیٹ میں رکھ کر بھارت کے حوالے کیا اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسلم اکثریت والا حصہ (بقیہ نمبر 8)

الیکشن کمیشن نے مخصوص نشستوں کے فیصلے ویب سائٹ پر ڈال دیے

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے مخصوص نشستوں پر اپنے اور اعلیٰ عدالتوں کے فیصلے ویب سائٹ پر ڈال دیے۔ ذرائع کے مطابق 4 فیصلے ان افراد کے لیے اپ لوڈ کیے جو مخصوص نشستوں پر تجزیے میں اپنی رائے دے رہے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے دسمبر 2023 میں پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کا فیصلہ اور پشاور ہائی کورٹ کا پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن سے متعلق فیصلہ ویب سائٹ پر اپ (بقیہ نمبر 9)

ڈکیتوں نے پیسوں کی تقسیم پر اپنے ہی ساتھی کا گلا دبا دیا

کراچی سے مغوی محمد باقر کی لاش کا ڈھانچہ سرجانی ٹاؤن سے برآمد ہوا

کراچی (این این آئی) مویشی منڈی میں ڈکیتی کے بعد ڈکیتوں نے پیسوں کی تقسیم پر اپنے ہی ساتھی کا گلا دبادیا۔ پولیس کے مطابق کراچی سے مغوی محمد باقر کی لاش کا ڈھانچہ سرجانی ٹاؤن سے برآمد ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق اغوا کے شبہ میں گرفتار ملزم نے بتایا کہ 4 افراد نے مویشی منڈی میں ڈکیتی کی تھی جس کے بعد پیسے کے بٹوارے پر آپس میں تلخ کلامی ہوئی۔ گرفتار ملزم نے مزید بتایا کہ ہم تین افراد نے محمد باقر کا گلا دبا کر اسے قتل کر دیا۔

میہڑ میں با اثر وڈیرے نے مبینہ طور پر گدھے کی ٹانگ کاٹ دی

میہڑ (این این آئی) سندھ کی تحصیل میہڑ کے گاؤں سندھی بڑا میں مبینہ طور پر با اثر وڈیرے نے اپنے باڑے میں جانے پر گدھے کی ٹانگ کاٹ دی۔ گدھے کے مالک کے مطابق گزشتہ رات گدھا وڈیرے کے باڑے میں چلا گیا تھا، با اثر زمیندار اور اس کے بیٹے نے غصے میں آکر گدھے کی ٹانگ کاٹ دی۔ متاثرہ شخص نے بتایا کہ میرا بیٹا گدھا گاڑی چلا کر روزگار کماتا ہے، رادھن تھانے کی پولیس کو واقعے کی اطلاع کر دی ہے، پولیس نے اب تک (بقیہ نمبر 10)

بھارت میں شہری کے گھر سے پاکستان زندہ باد کے نعرے

خبر جنگل میں آگ کی طرح شہر بھر میں پھیل گئی، ویڈیو وائرل

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں شہری کے گھر سے پاکستان زندہ باد کے نعرے کی موجودگی پر خبر جنگل میں آگ کی طرح شہر بھر میں پھیل چکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق دلی کے علاقے اوانتیکا کے ایک گھر کے حوالے سے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے، یہ ویڈیو مقامی رہائشی کی جانب سے بنائی گئی تھی۔ ویڈیو میں شہری کی جانب سے مخصوص ایریا (بقیہ نمبر 11)



وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کا غلاف کعبہ کی مینوفیکچرنگ کسواء فیکٹری کے دورے کے موقع پر انچارج احمد السوری کے ہمراہ گروپ فوٹو

کندھ کوٹ، موسلا دھار بارش سے شہر میں پانی جمع ہوگیا

ڈپٹی کمشنر کشمور امیر فضل اویسی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے شہر کا دورہ کیا

رپورٹ کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ بیبت روڈ، گھنٹہ گھر چوک، غریب آباد، شکارپور روڈ، ممتاز محلہ، گلشیر محلہ سمیت مختلف مقامات پر بارش کا پانی گھروں میں داخل ہوگیا گزشتہ تین دن سے وقفے وقفے سے جاری بارش کا پانی ڈپٹی کمشنر آفس، سول ہسپتال اور روڈس آفس ایس پی آفیس تھانہ اے سیکشن سمیت مختلف دفاتر میں بھی پانی چار فٹ جمع ہوگیا (بقیہ نمبر 12)

کندھ کوٹ، کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا انعقاد

پاکستانی قوم کشمیر کی سیاسی، اخلاقی اور خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا

رپورٹ کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ یوم استحصال کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر کشمور کی آفس سے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں سیاسی و سماجی سربراہان، اساتذہ، وفاقی اور صوبائی اداروں کے سربراہان اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی میں شریک شرکا نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے کشمیر بنے گا پاکستان پاکستان زندہ باد پاک فوج زندہ باد اور بھارت کے کشمیریوں پر ڈھائے جانے والے ظلم کے خلاف نعرے لگائے (بقیہ نمبر 13)

لاہور: گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین ماڈل ٹاؤن لاہور میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیا جارہا ہے

دھمیال پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

دو ملزم گرفتار، 3 کلو 30 گرام چرس برآمد کر لی گئی

نوجوان نسل تیزی سے منشیات کی لت میں مبتلا ہو رہی ہے

منشیات فروش رعایت کے مستحق نہیں، ایس ایچ او دھمیال

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تھانہ دھمیال کی چوکی گرجا پولیس نے علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے منشیات فروش گرفتار کر لئے، پولیس ٹیم نے ملزم محمد گلفام خان ولد محمد غلام سے 1 کلو 510 گرام چرس، ملزم اظہر محمود ولد ربنواز سے 1 کلو 520 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لئے۔ ایس ایچ او دھمیال رانا کاشف نے چوکی گرجا پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس ایچ او دھمیال رانا کاشف کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 14)

للہ جہلم ڈیول کیرج وے منصوبہ عوام کی نظروں کا محور بنا ہوا ہے

دنیا بھر میں اس کے چرچے زبان زد عام ہیں، چوہدری فرخ الطاف

ٹڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) للہ جہلم ڈیول کیرج وے منصوبہ پچھلے چند سالوں سے ضلع جہلم سمیت پاکستان بھر کے عوام کی نظروں کا محور بنا ہوا ہے دنیا بھر میں اس کے چرچے زبان زد عام ہیں حکومت پاکستان، حکومت پنجاب، متعلقہ ذمہ داران سمیت مسلم لیگ (ن) کے منتخب ممبر قومی اسمبلی حلقہ این اے 61 چوہدری فرخ الطاف سمیت اس تکلیف دہ منصوبہ کی کامیاب سروس کے اعزاز میں اربوں کے منصوبہ پر کھربوں کی گالیاں (بقیہ نمبر 15)

ڈی جی سپورٹس پنجاب پرویز اقبال نکاسی آب کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دنیا بھر کی طرح پنڈ دادنخان میں بھی یوم استحصال کشمیر منایا گیا

اس سلسلہ میں ایک ریلی میونسپل کمیٹی کے زیر اہتمام علامہ اقبال پارک سے نکالی گئی

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) دنیا بھر کی طرح پنڈ دادنخان میں بھی یوم استحصال کشمیر منایا گیا اس سلسلہ میں ایک ریلی میونسپل کمیٹی کے زیر اہتمام علامہ اقبال پارک سے نکالی گئی جس کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان میڈم حلیمہ منیر نے کی ریلی میں سرکاری اداروں سمیت سول سوسائٹی کے افراد نے شرکت کی ریلی کے شرکا تمام راستے کشمیر بنے گا پاکستان لیکر رہیں گے کشمیر کشمیریوں کی آزادی تک ہماری حمایت جاری رہے گی کے نعرے لگاتے رہے بعد (بقیہ نمبر 16)

لاہور: مسلم لیگ (ق) لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان، چوہدری عرفان کو سپورٹس اینڈ کلچر ونگ لاہور کے صدر کا نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

لاہوریوں کو بیمار گوشت کھلانے والا گروہ دھر لیا گیا

غیر قانونی مذبح خانے پر چھاپہ مارا، 800 کلو بیمار اور ناقص گوشت تلف، مذبح خانہ بند

لاہور (این این آئی) لاہوریوں کو بیمار گوشت کھلانے والا گروہ دھر لیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے غیر قانونی مذبح خانے پر چھاپہ مارا، 800 کلو بیمار اور ناقص گوشت تلف، مذبح خانہ بند، مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ ویجیلنس ٹیم کی طویل ریکی کے بعد جعلی مذبح خانے کا سراغ لگایا گیا، سلاٹر ہاؤس سے 3 بیمار جانوروں کا گوشت برآمد ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئی، بیمار اور مرے ہوئے جانور نواحی علاقوں سے ٹرک میں چھپا کر لائے گئے تھے۔ جعلسازی پر سپلائر کے (بقیہ نمبر 17)

بھارتی ریاستی دہشت گردی حقیقت کو تبدیل نہیں کرسکتی، حمزہ شہباز

5 اگست کا بھارتی اقدام کشمیری شناخت اور وقار کو مٹانے کی گھناؤنی سازش تھی

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر و سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ بھارتی ریاستی دہشت گردی حقیقت کو تبدیل نہیں کرسکتی، 5 اگست کا بھارتی اقدام کشمیری شناخت اور وقار کو مٹانے کی گھناؤنی سازش تھی۔ انہوں نے 5 اگست یوم استحصال پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہم کشمیریوں کے حق خودارادیت کی منصفانہ جدوجہد میں ان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، مقبوضہ کشمیر کے تنازع کا حل (بقیہ نمبر 18)

وزیراعظم آزاد کشمیر کی وزیر داخلہ سے ملاقات مقبوضہ کشمیر میں بھارتی جارحیت کی مذمت

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آزاد کشمیر میں امن عامہ کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی

وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے قیام امن کے لیے تعاون پر وزیر داخلہ کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیراعظم آزاد کشمیر نے وفاقی وزیر داخلہ سے ملاقات کی، جس میں مقبوضہ کشمیر میں بھارتی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی۔ چوہدری انوار الحق نے محسن نقوی کے ساتھ باہمی دلچسپی کے امور اور ملک میں امن و امان کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر اور وفاقی وزیر داخلہ نے یوم استحصال کشمیر پر مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ (بقیہ نمبر 19)

وزیر قانون پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ پولیس کے شہداء کی فیملیوں کو حکومتی گرانٹ و گھر دینے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل بھی موجود ہیں

امریکا کے لیے پاکستان پوسٹ کے پارسلز کی بکنگ بند

اسلام آباد (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پاکستان پوسٹ نے انکوائری رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ امریکا کے لیے پاکستان پوسٹ کے پارسلز کی بکنگ بند کر دی گئی ہے۔ انکوائری رپورٹ میں کہا گیا کہ امریکی شپنگ کمپنیوں کو معاوضے کی عدم ادائیگی کے باعث بکنگ بند ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق آرڈر کینسل ہونے سے پاکستانی مصنوعات کی امریکا میں تجارت بند ہونے لگی ہے، امریکا کے لیے پارسلز کی بکنگ بند ہونے (بقیہ نمبر 20)

ایف بی آر اور ایف آئی اے کے درمیان لڑائی میں شدت آگئی

ایف آئی اے نے میر بادشاہ وزیر کو طلب کرلیا، میر نے اثاثوں کی معلومات مانگ لیں

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر اور ایف آئی اے کے درمیان لڑائی میں شدت آ گئی، دونوں جانب سے ایک دوسرے کے خلاف انکوائریوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے درمیان ایک دوسرے کے افسران کے خلاف انکوائریاں کی جا رہی ہیں۔ اس سلسلے میں (بقیہ نمبر 21)

وفاقی سرکاری تعلیمی اداروں میں موسم گرما کی چھٹیاں ختم، سکول کھل گئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سرکاری تعلیمی اداروں میں موسم گرما کی چھٹیوں کے بعد تعلیمی سرگرمیاں شروع ہوگئیں۔ حکام کے مطابق وزارت تعلیم نے یکم سے 4 اگست تک چھٹیوں میں توسیع دی تھی۔ تعلیمی اداروں کے لیے نئے ٹائمنگز بھی لاگو کردی گئیں۔ ایوننگ شفٹ والے تعلیمی ادارے آٹھ سے ڈیڑھ بجے تک کھلیں گے جبکہ سنگل شفٹ والے تعلیمی ادارے 8 سے دوپہر 2 بجے تک کھلیں (بقیہ نمبر 22)

اسرائیلی فوج کی بمباری سے غزہ میں بے گھر 44 فلسطینی شہید

ڈرون حملے سے الاقصیٰ شہدا اسپتال کے صحن میں بے گھر افراد کے خیموں کو آگ لگ گئی

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فوج کی بمباری سے غزہ میں بے گھر 44 فلسطینی شہید ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج نے بے گھر فلسطینیوں کی پناہ گاہ بنے اسکولوں پر بم برسا دیے جس کے نتیجے میں 44 فلسطینی شہید ہوگئے۔ دوسری جانب ڈرون حملے سے الاقصیٰ شہدا اسپتال کے صحن میں بے گھر افراد کے خیموں کو آگ لگ (بقیہ نمبر 23)

دو ممالک کا حکومتی کمپنیوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار

متحدہ عرب امارات نے منافع بخش تیل، گیس اور ڈسکوز میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی ہے

سعودی عرب تیل و گیس، بجلی، فنانشل سیکٹر میں سرمایہ کاری کا خواہاں ہے۔ ذرائع

وزیراعظم محمد شہباز شریف کو قذافی اسٹیڈیم لاہور کی تعمیر نو کے حوالے سے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی بریفنگ دے رہے ہیں

اسلام آباد (یو پی آئی) سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر سمیت پاکستان کے دوست عرب ممالک نے سیف ڈیپازٹ رول اوور کے ساتھ حکومتی کمپنیوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے جبکہ آئی ایم ایف نے دوست ممالک سے سیف ڈیپازٹس ادائیگی تین سال کیلئے مؤخر کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔ وزارت خزانہ ذرائع کے مطابق سرمایہ کاری میں دلچسپی رکھنے والے ممالک میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر شامل ہیں، ذرائع کا کہنا ہے کہ متحدہ عرب امارات نے منافع بخش تیل، گیس اور ڈسکوز میں سرمایہ کاری میں (بقیہ نمبر 24)

جماعت اسلامی کا مہنگائی کے خلاف دھرنا 11 ویں روز میں داخل

احتجاجی دھرنے کے شرکا کے لیے ناشتے کا اہتمام کیا گیا، چنے اور نان سے تواضع کی گئی

راولپنڈی (این این آئی) جماعت اسلامی کا مہنگائی کے خلاف دھرنا 11 ویں روز میں داخل ہوگیا ہے اور دھرنے میں شرکاء کی تعداد میں بھی دن بہ دن مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ بجلی کے بھاری بلز، بے جا ٹیکسز، آئی پی پیز سے معاہدے، پیٹرول کی قیمتوں اور (بقیہ نمبر 25)

گھریلو ناچاقی پر شوہر نے فائرنگ کرکے 2 بیویوں اور بیٹے کو قتل کردیا

مانسہرہ (آئی آئی پی) مانسہرہ میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے فائرنگ کرکے 2 بیویوں اور بیٹے کو قتل کردیا۔ نیوز ایجنسی کے مطابق مانسہرہ کے تھانہ اوگی کی حدود میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے، جہاں 2 خواتین سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے، پولیس کے مطابق گھریلو ناچاقی پر شوہر نے فائرنگ کرکے 2 بیویوں اور بیٹے کو قتل کردیا، ملزم گل صمد فائرنگ کے بعد موقع سے فرار ہو گیا، جس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔

مخصوص نشستوں کا سپریم کورٹ کا فیصلہ اکثریتی ہے، کنور دلشاد

یہ سپریم کورٹ، الیکشن کمیشن اور سنی اتحاد کا معاملہ ہے، وفاقی حکومت کو مداخلت نہیں کرنی چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن کنور دلشاد کا کہنا ہے کہ مخصوص نشستوں کا سپریم کورٹ کا فیصلہ اکثریتی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کنور دلشاد نے کہا کہ آئین و قانون کے مطابق سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل کرنا پڑتا ہے، الیکشن کمیشن سپریم کورٹ میں چلا گیا ہے تو سپریم کورٹ کے فیصلے کا انتظار کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سپریم کورٹ، الیکشن کمیشن اور سنی اتحاد کا معاملہ ہے، وہ اپنا فیصلہ کرتے رہیں، وفاقی (بقیہ نمبر 26)

کراچی میں ڈاکو نے 18 لاکھ کی ڈکیتی کے بعد ساتھی کو قتل کر کے دفنا دیا

کراچی (اے ایف پی) سرجانی کے علاقے میں نجی سوسائٹی سے ایک شخص کا ڈھانچہ ملا ہے، ڈھانچہ گرفتار ملزم کی نشاندہی پر برآمد کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سائٹ سپر ہائی وے تھانے میں گرفتار ملزم عبدالمالک کی نشاندہی پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سرجانی سے باقر نامی شہری کا ڈھانچہ برآمد کیا گیا ہے۔ ایس ایچ او سرجانی اخلاق احمد نے بتایا کہ سائٹ سپر ہائی وے پولیس نے ایک اسٹریٹ کرمنل کو گرفتار کیا جس کا نام عبدالمالک بتایا گیا ہے۔ ملزم نے تفتیش میں انکشاف کیا ہے کہ اس نے اپنے رشتہ دار باقر کے ساتھ مل کر (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی: نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ دھرنا گاہ مری روڈ پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت ریاستی ظلم و استبداد پر یقین رکھتا ہے، بلاول بھٹو

5 اگست 2019 کو اٹھایا گیا بھارتی اقدام اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے

بھارت کشمیریوں کی حق خودارادیت کی جدوجہد دبانے میں مکمل ناکام ہو چکا ہے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

لاہور (یو پی آئی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ بھارت کشمیریوں کی حق خودارادیت کے لیے جدوجہد دبانے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے۔ چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر بیان میں کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں جبر و بربریت کے سارے ہتھکنڈے آزما چکا ہے۔ آرٹیکل 370 اور 35 کی منسوخی کے ذریعے دنیا کو پیغام دیا گیا کہ بھارت ریاستی ظلم و استبداد پر یقین رکھتا ہے۔ اس اقدام کا مقصد (بقیہ نمبر 28)

بنگلہ دیشی آرمی چیف کا عبوری حکومت کے قیام کا اعلان

عوام کیساتھ کھڑے تھے اور رہیں گے، طلباء تشدد ترک کریں، جنرل وقیر الزمان

ڈھاکہ (انٹرنیوز) بنگلہ دیشی آرمی چیف جنرل وقیر الزمان نے ملک میں عبوری حکومت کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کیساتھ کھڑے تھے اور رہیں گے، طلباء تشدد ترک کریں، یقین دلاتا ہوں تمام مطالبات پورے کیے جائیں گے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سرکاری ٹی وی پر قوم سے خطاب کرتے ہوئے بنگلہ دیشی آرمی چیف جنرل وقیر الزمان نے ملک میں عبوری حکومت کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ شیخ حسینہ نے استعفیٰ دے دیا ہے اور وہ ملک چھوڑ گئی ہیں، تمام سیاسی جماعتوں سے بار آور مذاکرات اور اتفاق رائے کے نتیجے میں ہم عبوری حکومت کے قیام کے فیصلے تک پہنچے ہیں، عبوری حکومت میں تمام سیاسی (بقیہ نمبر 29)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com